# پارہ 28 قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

# دَورَۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

## پارہ 28

- سرگوشیاں شیطانی کام ہے۔اس سے بچنا ہے۔
- حق پر رہنے میں ہی بھلائی ہے، جو حق سے پھرا وہ رسوا و خوار ہوا۔ حق پر قائم رہنا ہے۔
- کسی بھی طرح کی مجلس ہو اس کے آداب کو ملحوظ خاطر رکھنا ہے۔
- خاندان برادری اور رسومات کی محبت سے زیادہ ایمان کی محبت کو دل میں جگہ دینی ہے۔

## پارہ 28

- اللہ مومن بندوں کی کفار سے دوستی کو پسند نہیں کرتا اپنی دوستیوں کا جائزہ لینا ہے۔
- منافق وہ ہے جس کے قول و فعل میں تضاد ہو منافقت سے بچنا ہے۔
- بے عمل عالم کی مثال اس گدھے کی سی ہے جس پر کتابوں کا بوجھ لاد دیا جائے تو اسے یہ نہیں پتا کہ یہ کتابیں فائدے کی ہیں یا نقصان کی۔ با عمل بننا ہے۔

## پارہ 28

❖ سچی اور خالص توبہ کرنی ہے۔

❖ نیک اعمال کرنے والوں کو بہترین بدلہ ملے گا۔اچھے اعمال کی کثرت کرنی ہے۔

❖ کوئی مصیبت اللہ کی اجازت کے بغیر نہیں آتی دوسروں کو اپنی تکلیف و پریشانیوں کا الزام نہیں دینا۔

❖ مال اور اولاد آزمائش ہے۔اس آزمائش میں پورا اترنا ہے۔

پارہ28

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جو بھی کسی اسلامی کار خیر کو شروع کرے اسے اپنا بھی اور اس کے بعد جو بھی اس
کام کو کریں سب کا بدلہ ملتا ہے لیکن بعد والوں کے اجر گھٹ کر نہیں، اسی طرح جو
اسلام میں کسی برے اور خلاف شروع طریقے کو جاری کرے اس پر اس کا اپنا گناہ
بھی ہوتا ہے اور پھر جتنے لوگ اس پر کار بند ہوں سب کو جتنا گناہ ملے گا اتنا ہی اسے
بھی ملتا ہے مگر ان کے گناہ گھٹتے نہیں